यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 22

No. of Printed Pages - 7

# SS-22-Urdu Sah.(D&D)

## SENIOR SECONDARY (D&D) (CWSN) EXAMINATION - 2024

## URDU SAHITYA

Time : 4 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں ، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

**.1** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے :

(i) سید احتشام حسین کے افسانوی مجموعے کا نام ہے: [1]

(A) روایت اور بغاوت (B) ویرانے

(C) پہلا پتھر (D) تار و پود

(ii) افسانہ ''لمحے'' میں حسین عورت کی بیٹی کا نام تھا: [1]

(A) افسانہ (B) پروین

(C) سلطانہ (D) آفرین

(iii) اختر الایمان کے والد کا پیشہ تھا: [1]

(A) اِمامت (B) تجارت

(C) مزدوری (D) ڈاکٹری

(iv) کرشن چندر کے افسانوں کے پہلے مجموعے کا نام ہے: [1]

(A) ایک حلفیہ بیان (B) شہرِ بدنصیب

(C) بازگوئی (D) طلسمِ خیال

(v) رام لعل نے ''زرد پتوں کی بہار'' میں کس ملک کے سفر کی روداد لکھی ہے؟ [1]

(A) پاکستان (B) انگلستان

(C) افغانستان (D) ازبکستان

(vi) خاکہ ''کلیم الدین احمد'' کے مصنف کا نام ہے: [1]

(A) احتشام حسین (B) بلونت سنگھ

(C) احمد جمال پاشا (D) خواجہ حسن نظامی

(vii) ''مقدمۂ شعروشاعری'' کس کی کتاب ہے؟ [1]

(A) غالبؔ (B) حالیؔ

(C) آرزوؔ (D) جذبیؔ

(viii) '' حالیؔ کا سیاسی شعور'' کتاب پر کس کو پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری ملی؟ [1]

(A) معین احسن جذبیؔ (B) ناصرؔ کاظمی

(C) مولانا حالیؔ (D) نظم طباطبائی

(ix) ''چند لفظوں میں کوئی آگ چھپادی جائے'' شاعر نے کس صنف کے لیے کہا ہے؟ [1]

(A) نظم (B) مرثیہ

(C) مثنوی (D) غزل

(x) ناصرؔ کاظمی کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(A) سیالکوٹ (B) انبالہ

(C) دہلی (D) جالندھر

(xi) جمیلؔ مظہری کب پیدا ہوئے؟ [1]

(A) 1892 (B) 1897

(C) 1901 (D) 1904

(xii) ن ۔ م ۔ راشدؔ کی شاعری کا پہلا مجموعہ ہے: [1]

(A) جہانِ آرزو (B) فروزاں

(C) ماورا (D) سخن مختصر

(xiii) '' کلرک کی موت'' کس زبان کی کہانی کا اردو ترجمہ ہے؟ [1]

(A) ملیالم (B) جاپانی

(C) ترکی (D) روسی

(xiv) کہانی ''جنم دن'' کے مصنف کا نام ہے: [1]

(A) ویکوم محمد بشیر (B) رام لعل

(C) کرشن چندر (D) چےخف

(xv) 'نرمل ورما کس زبان کے فکشن نگار ہیں؟ [1]

(A) پنجابی (B) ہندی

(C) مراٹھی (D) سندھی

2. مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:۔

(i) اخترالایمان نے ________ کے لیے گانے کبھی نہیں لکھے۔ [1]

(ii) یہ بھنبھناتا ہوا ننھا سا________ آپ کو بہت ستاتا ہے۔ [1]

(iii) احمد جمال پاشا________ میں پیدا ہوئے۔ [1]

(iv) لذّت ترے ______ میں آئی کہاں سے یہ۔ [1]

(v) اتنا برسا ٹوٹ کے پانی، ڈوب چلا ______ بھی۔ [1]

(vi) لیے آتے ہیں سب پڑھتے ہوئے کلمہ ______ کا۔ [1]

(vii) ویکوم محمد بشیر کے والد عمارتی ______ کے ٹھیکے دار تھے۔ [1]

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(i) قرۃ العین حیدر کے والد کا کیا نام تھا؟ [1]

(ii) باہر کے ملکوں نے ایک ماچس کتنے روپے میں بیچنا شروع کر دی تھی؟ [1]

(iii) 1937 میں پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس کہاں پر ہوا تھا؟ [1]

(iv) ''اوّل شب وہ بزم کی رونق______'' میں اول شب کے کیا معنی ہیں؟ [1]

(v) منزل نہ ملنے پر قافلوں نے کہاں پر ڈیرے جما لیے ہیں؟ [1]

(vi) اقبالؔ کی شاعری کے کسی ایک مجموعے کا نام لکھیے۔ [1]

(vii) چخف کو جوانی میں ہی کون سی بیماری لگ گئی تھی؟ [1]

(viii) 'بوڑھے مچھوارے کے جانے کے بعد اس کی جگہ پر کون بیٹھا تھا؟ [1]

(ix) مکتوب نگار کا مخاطب کون ہوتا ہے؟ [1]

(x) نظم کس زبان کا لفظ ہے؟ [1]

## حصّہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے:۔

4. ناول میں خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب ہوتی ہے؟ [2]

5. ملکِ ہوا کے بادشاہ نے مرتے وقت اپنے بیٹے کو کیا وصیت کی تھی؟ [2]

6. سجاد ظہیر کے کون سے خط ''نقوشِ زنداں'' میں شامل ہیں؟ [2]

7. خواجہ حسن نظامی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ [2]

8. آرزوؔ لکھنوی کے کلام کے کنہیں دو مجموعوں کے نام لکھیے؟ [2]

9. ''زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ [2]

10. ''کیا پھول کھلے ہیں، منھ اندھیرے''۔ [2]

اس مصرعے میں منھ اندھیرے کا کیا مطلب ہے؟

11. اقبالؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ [2]

12. مصنف نے اپنے جنم دن پر رات کو کیسے اور کہاں کھانا کھایا؟ [2]

13. نرمل ورما کے کنہیں دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیے؟ [2]

14. مختصر افسانے کی کوئی ایک تعریف لکھیے۔ [2]

15. مطلع کسے کہتے ہیں؟ [2]

## (SECTION-C) حصّہ (ج)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے :۔

**.16** مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ **[3]**

میں اس جرح سے گھبرا گیا تھا۔''میں نے پنجاب یونیورسٹی سے بی۔اے۔کرنے کے بعد پشاور میں کاروبار شروع کیا تھا۔آمدنی کی صورت نظر آنے لگی تو فساد شروع ہو گئے اور مجھے اِدھر بھاگنا پڑا۔۔۔۔اب نئے سرے سے کام کرنے کا خیال ہے۔''عورت کی آنکھوں میں اُداسی کی جھلک دکھائی دی۔اُس وقت وہ کچھ کھوئی سی نظر آرہی تھی۔موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اُس کے حسین چہرے کے خدوخال کا بغور جائزہ لینے لگا۔۔۔۔کیا وہ میری خاطر اُداس تھی؟ایک لمحے کے لیے ہی سہی!__________ کاش!مجھے بھی ایسی ہی موہنی بیوی مل جائے۔

یا

میں اُسے کوئی جواب دیے بغیر پلیٹ فارم پر اتر جاتا ہوں۔پلیٹ فارم پر چل کر محسوس کر رہا ہوں، میں واقعی زمین پر ہوں۔یہ خواب نہیں ہے۔جو خواب تھا وہ اب پورا ہو چکا ہے۔قلی سامان اٹھا کر آگے آگے بھاگ رہے ہیں۔گاڑی کے ہر ڈبے سے سیکڑوں لوگ اُبل سے پڑے ہیں۔بمبئی،حیدرآباد،مدھیہ پردیش اور بہار اور یوپی کے لوگ مرد اور عورتیں اور بچے۔سفر کی گرد سے اٹے ہوئے اور پریشان اور حواس باختہ کچھ عورتیں جلدی جلدی اپنے برقعے پہن رہی ہیں۔

**.17** سبق''فوٹوگرافر''کا خلاصہ لکھیے۔ **[3]**

یا

سبق ''پودے'' کا خلاصہ لکھیے۔

**.18** مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: **[3]**

پہلے بھی تو گزرے ہیں،
دورِ نارسائی کے''بے ریا''خدائی کے
پھر بھی یہ سمجھتے ہو،ہیچ آرزو مندی

یہ شب زباں ہندی، ہے رہِ خداوندی!

تم مگر یہ کیا جانو،

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو　　　کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا　　　دیدنی کیفیتِ قلب وجگر بھی ہوگی

19. نظم ''روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

نظم ''ارتقا'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ (د) (SECTION-D)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:

20. مرزا غالبؔ کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

کنھیا لال کپور کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

21. جاں نثار اخترؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

نظمؔ طباطبائی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

22. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:۔ [4]

(i) علم بڑی دولت ہے

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) میرا پسندیدہ شاعر

✓ ✓ ✓ ✓

DO NOT WRITE ANYTHING HERE